BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سٹی آف برامپٹن 'یونائیٹڈ وے' کے لیے فنڈز اکٹھا کرنے کے لیے 'لانگیسٹ نائیٹ' میں حصہ لیا ہے

میئر پیٹرک براؤن، کونسلر فورٹینی اور کونسلر سنگھ 'لانگیسٹ نائیٹ' میں حصہ لینے سے قبل سٹی آف برامپٹن کی ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے۔

برامپٹن، آن (26 فروری 2022) – گذشتہ رات، سٹی آف برامپٹن نے 'لانگیسٹ نائیٹ' میں حصہ لیا، جو ایک سالانہ تقریب ہے جس میں لوگوں اور خاندانوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنی کار میں ایک رات گزاریں تاکہ غربت میں زندگی گزارنے والے بچوں اور بڑوں کو درپیش روزانہ کے چیلنجز کے بارے میں آگاہی پیدا کی جا سکے۔ دس افراد، بشمول پوری تنظیم کے ٹیم ممبران اور ان کے خاندان کے افراد نے اس عاجزانہ تجربے میں ان حالات کا سامنا کیا۔

سٹی آف برامپٹن کے عملے اور حامیوں نے اس اقدام کی حمایت میں $5,000 سے زیادہ رقم اکٹھی کی جو سٹی کی سالانہ 'یونائیٹڈ وے' فنڈ ریزنگ مہم میں جائے گی۔ سٹی آف برامپٹن 40 سال سے زیادہ عرصے سے 'یونائیٹڈ وے' کا قابل فخر حامی رہا ہے اور اس دوران تقریباً 2.5 ملین ڈالر کے فنڈز کامیابی سے اکٹھے کیے گئے ہیں، جو کمیونٹی کی مدد کے لیے براہ راست فراہم کیے گئے ہیں۔

The Corporation of The City of Brampton
2 Wellington Street West, Brampton, ON L6Y 4R2 311 TTY: 905.874.2130

Media Release

اقتباسات

"مجھے ٹیم کے ارکان پر بہت فخر ہے جنھوں نے اس چیلنج کو قبول کرنے کے لیے یہ قدم اٹھایا ہے اور غربت اور بے گھری کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے 'لانگیسٹ نائیٹ' میں حصہ لیا ہے، جو ہماری کمیونٹی میں بہت سے لوگوں کے لیے ایک تلخ حقیقت ہے۔ ہمیں ہر سال 'یونائیٹڈ وے' میں شراکت کرنے پر فخر ہے تاکہ یہ قابل قدر فنڈز اکٹھے کیے جا سکیں جو براہ راست ان لوگوں کی مدد کے لیے جاتے ہیں جنہیں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے اور اب پہلے سے کہیں زیادہ۔ برامپٹن کے لیے اتنا قابل قدر وسیلہ بننے کے لیے 'یونائیٹڈ وے' کا شکریہ۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"2022 کے لیے یونائیٹڈ وے کمیٹی کونسل کا اسپانسر ہونا اور لگاتار چوتھے سال اور ایک ایسی ٹیم کے ساتھ کام کرنا ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے جو ایسی شاندار تقریبات کو فروغ دیتی ہے اور ہماری کمیونٹی کے لیے فنڈز اکٹھا کرتی ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر بہت فخر ہے کہ ہم نے 'لانگیسٹ نائیٹ' کے اقدام کے ذریعے اپنے فنڈ ریزنگ کے ہدف کو پورا کر لیا ہے۔ ہماری سالانہ فنڈ ریزنگ مہم کو شروع کرنے کا یہ کتنا ہی اچھا طریقہ ہے۔"

- *ڈوگ وہلینز، یونائیٹڈ وے کونسل سپانسر، سٹی کونسلر،*
  وارڈز 2 اور 6

"لانگیسٹ نائیٹ میں حصہ لینا واقعی ایک ایسا عاجزانہ تجربہ تھا جس نے ہمیں اس حقیقت کی ایک جھلک فراہم کی ہے، جس کا سامنا ہماری کمیونٹی میں موجود بہت سے لوگوں کو ہر رات کرنا پڑتا ہے۔ مجھے اس سال سٹی آف برامپٹن یونائیٹڈ وے کمیٹی کا چیئر ہونے اور رضاکاروں کی ایک پرجوش ٹیم کے ساتھ کام کرنے پر فخر محسوس ہو رہا ہے جو ہماری کمیونٹی کی مدد کے لیے انتھک محنت کرتی ہے۔"

- *سٹیوو گینیش، 2022 یونائیٹڈ وے کمیٹی چیئر، منیجر، ڈیولپمنٹ سروسز*

"میں سٹی آف برامپٹن کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے 'لانگیسٹ نائیٹ' کی شاندار اور مسلسل حمایت کے ذریعے فنڈز اکٹھے کیے اور بے گھر افراد کے بارے میں آگاہی پیدا کی ہے۔ پیل کے علاقے میں، 10,800 سے زیادہ افراد ایسے ہیں جو بے گھر ہیں یا وہ بے گھر ہونے کے خطرے میں ہیں۔ یونائیٹڈ وے کمیونٹی کی مدد کرنے اور پیل میں غربت کے خاتمے کے لیے سٹی آف برامپٹن جیسی کمیونٹی تنظیموں کے ساتھ شراکت جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔"

- *ڈینیئلی زینوٹی، پریزیڈینٹ اور CEO، یونائیٹڈ وے گریٹر ٹورینٹو*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca